ترجمہ: ’’اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔‘‘ (القرآن)

WATER AND SANITATION AGENCY
WASA
FAISALABAD

# فیصل آباد
## سہ ماہی
# واسا نیوز

جلد سوم
شمارہ نمبر 11

جولائی تا ستمبر 2017ء



## ﴿القرآن﴾

جو بھی زمین و آسمان میں ہے سب اللہ ہی کی ملکیت ہے۔

## ﴿حدیث مبارک﴾

مومن نہ طعنہ دیتا ہے، نہ لعنت کرتا ہے، نہ بُری باتیں کرتا ہے اور نہ ہی بے حیا ہوتا ہے۔ (ترمذی 1977) (بخاری شریف 312)

## ﴿فرمانِ قائد﴾

ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کے لئے انصاف، رواداری اور دیانتداری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔ 15 جنوری 1948ء

## ﴿فکرِ اقبال﴾

شاہیں کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا
پُر دَم ہے اگر تُو، تو نہیں خطرۂ افتاد



# فقیر محمد چوہدری

مینجنگ ڈائریکٹر واسا / سرپرستِ اعلیٰ



# عدنان نثار خان

ایڈیٹر انچیف



سید ہاشم گیلانی ایڈیٹر واسا نیوز فیصل آباد


**ایڈریس**

پوسٹ بکس نمبر 229 فیصل آباد

رابطہ نمبر 041-9210065, 0313-7201020

ای میل editorwasanews@yahoo.com






### ہے اپنے وطن سے پیار ہمیں ہم گیت اسی کے گاتے ہیں
### ہم اسی کے نام سے دنیا میں جانے پہچانے جاتے ہیں

واسا فیصل آباد میں پاکستان کا 70 واں یومِ آزادی خوش اور جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے یومِ آزادی کا کیک کاٹا اور استحکام مادرِ وطن کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اس موقع پر واسا مین آفس بلڈنگ کو قومی پرچموں اور برقی قمقموں سے سے آراستہ کیا گیا تھا۔ ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے یومِ آزادی کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ آج ہمیں اپنے قائد محترم بانی پاکستان محمد علی جناح کی ۱۱- اگست کی تقریر کو مشعل راہ بنانے کی ضرورت ہے۔ جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کرپشن اور لوٹ مار معاشرے کی صحتمندانہ نشو و نما کے لیے زہر قاتل ہے۔ ہمیں اپنی مملکت خداداد کو فلاحی اسلامی ریاست بنانے کے لیے قائد و اقبال کے افکار پر عمل پیرا ہونے کی انتہائی ضرورت ہے۔ اس کے لیے محنت، یگانگت اور اتحاد کے جذبے لے کر آگے بڑھنا ہو گا۔ بزرگوں کی دی ہوئی قربانیوں کی تاثیر رنگ لائے گی۔ یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ پر وقار تقریب میں ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (انجینئرنگ) محمد خالد، ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر وسیم احمد ہاشمی، ڈائریکٹر ایڈمن، ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی، ڈائریکٹر آئی اینڈ سی ریونیو اور واسا کے دیگر آفیسران نے پر جوش شرکت کی۔



واسا کے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ اور واٹر سپلائی کے لائنوں کے لیے جاری منصوبوں میں بین الاقوامی گروپ سرمایہ کاری کریں گے اس حوالے سے چائینہ کے بڑے انوسٹمنٹ گروپ MASZ کے 7 رکنی وفد نے چیئرمین مسٹر لنّی کی قیادت میں میڈم یان کرسٹینا، مسٹر نیکل ریورز، مسٹر کیکسن زاؤ، مس کوکوزاؤ، مسٹر زانگ کونگ، مسٹر می گانگ اور مسٹر ہوانگ کیوان پر مشتمل وفد نے مسٹر طاہر حسن اور ڈاکٹر سیف کے ہمراہ واسا فیصل آباد ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر واسا فقیر محمد چوہدری نے وفد کو واسا میں خوش آمدید کہا اور سرمایہ کاری کے لئے 38۔ارب روپے کی سرمایہ کاری کے لئے مختلف پراجیکٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ جن میں جھنگ برانچ پر سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ کی تنصیب، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ کی تنصیب وایکسٹینشن، واٹر سپلائی آرٹیریل مین لائنوں کا بچھایا جانا، شامل تھے نیز اُنہوں نے وفد کو بتایا کہ ان پراجیکٹ کے علاوہ بھی واسا فیصل آباد میں واٹر اور ویسٹ واٹر سیکٹر میں سرمایہ کاری کے لئے اشتراک عمل کی بہت گنجائش موجود ہے۔ اس موقع پر تین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیئے گئے۔ وائس چیئرمین میاں عرفان منان نے سرفیس واٹر اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کے حوالے سے بزنس انوسٹمنٹ کی مفاہمی یاداسشتوں پر دستخط ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وفد کو یقین دلایا کہ ان میگا پراجیکٹس پر پنجاب سپیڈ ویژن کے مطابق بھرپور تعاون فراہم کیا جائے گا۔



واسا کی طرف سے گریڈ 11 کے 41 کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر واسا کانفرنس روم میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ریگولرائزیشن کی اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چیئرمین میاں عرفان منان نے کہا کہ اب تمام متذکرہ ملازمین سروس مستقل ہونے پر یکسوئی سے واسا کا وقار بلند کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ شہریوں سے مکمل تعاون کریں اور ان کی شکایات کا بروقت ازالہ ممکن بنائیں۔ ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے تمام مستقل ہونے والے ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آپ کی صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے واسا نے مستقل تقرری کو آپ کا حق سمجھتے ہوئے یہ فریضہ پورا کر دیا ہے بعد ازاں تمام مستقل ہونے والے ملازمین کو آرڈر تقسیم کیئے گئے۔





ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کے وژن اور لائحہ عمل کے مطابق تشکیل دی گئی ریونیو ریکوری ٹیموں کی کاوش سے واسا فیصل آباد میں ماہ جولائی کے لئے نادہندہ صارفین سے ریونیو کے حصول کا ٹارگٹ عبور کرلیا گیا ہے۔ ایم ڈی فقیر محمد چوہدری کی خصوصی ہدایت پر چالیس سال پرانے نادہندگان کو بھی حصول واجبات کے دھارے میں لایا جارہا ہے۔علاوہ ازیں غیر قانونی کمرشل اور گھریلو فراہمی ونکاسی آب کے کنکشن بھی سروے ٹیموں کے ذریعے ریونیو ریکارڈ میں لائے جارہے ہیں۔ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے اس حوالے سے ہدایات جاری کرتے ہوئے اظہار کیا کہ بنیادی سہولتوں کی بہتر اور بلا تعطل فراہمی کے لیے ادارے کا مالی استحکام ناگزیر ہے۔نادہندگان کو واجبات کے دائرہ کار میں لانے کا تسلسل جاری رہنا چاہیے۔ جو صارفین نادہندگان یا غیر قانونی کنکشن ہولڈر کی فہرست میں آتے ہیں اور واسا کی طرف سے بار بار توجہ دلانے کے باوجود واجبات کی ادائیگی سے گریزاں ہیں، اُن کو قانونی نوٹس جاری ہونے چاہیں۔






واسا فیصل آباد کو نان ریونیو واٹر میں تکنیکی امداد فراہم کرنے کے حوالے سے ورلڈ بنک کے واٹر اینڈ سینی ٹیشن ماہرین پر مشتمل پاکستانی تنظیم لیڈز کا تعاون حاصل کرلیا ہے۔لیڈز کے وفد کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ورلڈ بنک کے اشتراک سے کچھ منصوبوں پر کام جاری ہے، جیسا کہ واسا نے فرنچ پراجیکٹ فیز I میں لیکیج اور نان ریونیو واٹر کے مسائل میں کمی کا ٹارگٹ معقول حد تک حاصل کیا ہے۔شہر کے مختلف علاقوں میں واٹر میٹر کی تنصیب کا کام جاری ہے۔واسا کی طرف سے مجوزہ علاقوں میں پانی کی فراہمی 24 گھنٹے جاری کی گئی ہے۔جب کہ فرنچ پراجیکٹ فیز II کی شروعات کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے مزید کام کی بہت گنجائش موجود ہے۔ واسا اپنے ہوم ورک اور باصلاحیت سٹاف کی کاوشوں کی بدولت آج یہ اعزاز رکھتا ہے کہ بین الاقوامی ڈونر ایجنسیز بھرپور اعتماد کا اظہار کررہی ہیں۔ چنانچہ اب ورلڈ بنک کے تعاون سے یقیناً مزید ٹارگٹس کا حصول یقینی بنایا جائے گا۔










پنجاب سٹی گورننس امپروومنٹ پراجیکٹسPCGIP کی ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے کی۔ اربن یونٹ کی ٹیم نے گل حفیظ کی قیادت میں ورلڈ بنک کے تعاون سے جاری اور مکمل ہونے والے فراہمی اور نکاسی آب کی اسکیموں پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہر کے علاقوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو اس پراجیکٹ کے ذریعے ممکن بنایا گیا ہے اور کئی علاقوں میں اس پراجیکٹ کے تحت موجودہ سسٹم بہتر کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ورلڈ بنک آئندہ سال کے لیے 660 ملین روپے کی فنڈنگ کر رہا ہے۔





واسا ماسٹر پلان کے تحت ماحولیاتی آلودگی کے موضوع پر جائیکا اور واسا کے اشتراک سے سٹیک ہولڈرز میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان اور ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کی زیرِ صدارت میٹنگ میں مسٹر اوجیڈس کی قیادت میں مس تا کا میزاوا، مسٹر مسیو، مسٹر سوزو، مسٹر مئیسو ہارا اور دیگران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ فیصل آباد کے شہریوں کو بنیادی سہولتوں کے ساتھ محفوظ ماحول بھی فراہم کرنے کے لئے واسا کی طرف سے کردار ادا کیا جاتا ہے اور ایشیا کی گنجان ترین آبادی والی کالونی کی شہرت رکھنے والے علاقے کو اس سرگرمی کیلئے بطور پائلٹ ایریا منتخب کر لیا گیا ہے۔ اس اجلاس میں سٹیک ہولڈر کی شرکت کا مقصد ماسٹر پلان کے حوالے سے مستقبل میں پینے کے پانی، سیوریج کی ضروریات کو نہ صرف پورا کرنا بلکہ ماحول کی بہتری کیلئے استعمال شدہ پانی کو ٹریٹمنٹ کے بعد زراعت کے لئے استعمال کرنا تھا۔ اس حوالے سے سٹیک ہولڈرز کے باہمی تبادلہ خیال سے مربوط لائحہ عمل بنانے میں بہت مدد ملے گی۔ اجلاس میں مس تا کا میزا نے پانی کے حوالے سے تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی۔





چیئرمین ایف ڈی اے شیخ اعجاز احمد نے واسا مین آفس کا دورہ کیا اور شہریوں وصارفین کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے وقت مقررہ پر مکمل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔







81 ملی میٹر بارش میں ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کا ڈی ایم ڈی (سروسز) اور ڈائریکٹر آپریشن کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا ھنگامی دورہ، نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا، شہر بھر میں ہونے والی بارش کے دوران ڈسپوزل اسٹیشنز اپنی مکمل استعداد کے مطابق فعال رہے اور چوکیرہ ڈسپوزل اسٹیشن سمیت جہاں بجلی دستیاب نہ تھی وہاں سے جنریٹرز کے ذریعے پمپنگ کر کے ہونے والی بارش کے پانی کا نکاس کیا گیا، بہتر اور بروقت انتظامات پر آپریشن سٹاف کی کارکردگی پر اظہار اطمینان کیا۔







چین کا معتبر سرمایہ کار گروپ چائنہ فسٹ مینا لارجیکل گروپ (CFMCC) واسا کے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ اور نیٹ ورکنگ لائنز کے دیگر منصوبہ جات پر سرمایہ کاری کرے گا۔ اس ضمن میں چائینز انوسٹمنٹ گروپ کے مسٹر زینگ زونگ ون کی زیر قیادت مسٹر گاوزی جسب اور مس بیلا پر مشتمل وفد نے واسا فیصل آباد کا دورہ کیا اور بعد از مذاکرات مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ اس موقع پر ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے بتایا کہ ویسٹ واٹر کو ٹریٹمنٹ کے بعد قابل استعمال لانے سے پانی کی بچت کے ساتھ ماحولیاتی اور صنعتی آلودگی جیسے مسائل سے بھی چھٹکارا مل سکے گا اور بتدریج شہریوں کو مزید صاف پانی وافر مقدار میں دستیاب ہو سکے گا۔

# خبریات

ایم ڈی فقیر محمد چوہدری کی زیر صدارت اجلاس میں مسٹر ہوشینو ،مسٹر مورا کامی ،مسٹر ساتو،مسٹر ساکائی ،مسٹر ناکاٹا،مسٹر داچی ،اور مسٹر ہاسی گاوانے جائیکا ماسٹر پلانٹ کے اگلے مرحلے کے لیے ورکنگ پلان سے متعلقہ بریفنگ دی۔واسا جائیکا ماسٹر پلان کے تحت چک جھمرہ،کھرڑیانوالہ اور سدھار میں واٹر سپلائی اور سیوریج نیٹ ورک قائم کرے گا نیز واسا سٹاف کے اور واسا آفسران کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں اضافہ کے لیے جائیکا ٹیم کی سفارشات پر اقدامات کرے گا۔اس موقع پر پائلٹ ایریاز میں 24 گھنٹے فراہم کی جانے والی واٹر سپلائی کی پیش رفت سے متعلق بھی اگاہی دی گئی۔

✹

وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف نے فرنچ میگا پراجیکٹ کے آپریشنل اخراجات کے لیے آئندہ تین سال کے لئے 93 کروڑ روپے کی منظوری دے دی ہے۔ یاد رہے کہ فرنچ پراجیکٹ سے فیصل آباد کے شہریوں کے لیے 150 کروڑ گیلن یومیہ صاف پانی کی فراہمی میں اضافہ ہوا ہے جس سے شہریوں کو فراہمی آب کے میدان میں نمایاں سہولت میسر آئی ہے۔واسا کو اس میگا پراجیکٹ کے لیے بجلی کے اخراجات کی ادائیگی اور آپریشنل اخراجات کے لئے فنڈز درکار تھے۔ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کی کاوشوں سے فرانس حکومت کے مالی تعاون کی بدولت ایک اور میگا پراجیکٹ پر بھی اگلے چند ماہ میں کام شروع ہوجائے گا جس سے شہریوں کو 2020 تک مزید 30 گیلن روزانہ میٹھے صاف پانی کی فراہمی میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔

✹

وفاقی وزیر مملکت کامرس اینڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری حاجی اکرم انصاری نے واسا ہیڈ آفس دورہ کے موقع پر ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کے ہمراہ سیور اور واٹر سپلائی کی زیر تکمیل ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں کی واٹر سپلائی اور سیوریج کی صورتحال پر غور کیا گیا۔اس موقع پر وزیر مملکت اور ایم ڈی واسا کی طرف سے تمام زیر تکمیل منصوبے بروقت مکمل کرنے ،تاخیری حربے اپنانے والے ٹھیکے داروں کو بلیک لسٹ کرنے اور کام کے معیار و نیٹ ورک سٹرکچر کی دیکھ بھال خوش اسلوبی کے ساتھ کرنے کی ہدایت جاری کی گئیں۔

✹

جائیکا واسا ماسٹر پلان کے تحت منتخب علاقوں میں 24 گھنٹے واٹر سپلائی کو عملی شکل دینے کے لیے جائیکا ٹیم کی طرف سے سرفراز کالونی کے بعد ستارہ سپنا سٹی اور مدینہ ٹاؤن کے لیے ورکنگ پلان تیار کرلیا گیا ہے۔جس کے مطابق آئندہ سال ان علاقوں میں 24 گھنٹے پانی کی سپلائی میسر ہو سکے گی۔ ان دونوں علاقوں میں 24 گھنٹے فراہمی آب کی شروعات کے ساتھ ساتھ تمام واٹر سپلائی کنکشنز پر واٹر میٹرز کی تنصیب بھی یقینی بنائی جائے گی تاکہ پانی کے استعمال کی مناسبت سے بلنگ ہو اور پانی کے ضیاع کا تدارک ہو سکے۔

# واسا فیصل آباد پالیسی برائے صحت وحفاظت



واسا فیصل آباد نے لوگوں کی صحت اور حفاظت کو ہمیشہ اولین ترجیح دی ہے۔ اور حتی الامکان اس چیز کو یقینی بنایا ہے کہ کام کرنے کی جگہ پر ٹھیکیدار یا کسی کو بھی کوئی معمولی نقصان بھی نہ پہنچے اس سلسلے میں واسا فیصل آباد نے صحت اور حفاظت کے لئے پالیسی مرتب کی ہے۔

- ☆ صحت اور حادثات سے بچاؤ کو ہمیشہ پہلی ترجیح دینا۔
- ☆ اس بات کو یقینی بنانا کہ لوگوں اور متعلقہ عملہ نے صحت اور حادثات سے بچاؤ کے بارے میں جواب دہی کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔
- ☆ صحت اور حادثات سے بچاؤ کے مسائل پر لوگوں سے مشاورت کرنا۔
- ☆ صحت اور حفاظت کے متعلق لوگوں کو مناسب معلومات اور تعلیم و تربیت دینا۔
- ☆ نیز حادثاتی خطرات سے نمٹنے کے لئے پیشگی حفاظتی اقدامات کرنا۔
- ☆ صحت اور حادثات سے محفوظ رہنے کے موثر نظام کی موجودگی کو یقینی بنانا۔
- ☆ اور اس کی کارکردگی کو جانچتے رہنا اور اس کی بہتری کے لئے کوشاں رہنا۔
- ☆ اس کے ہر پہلو سے قانونی تقاضے پورے کرنا اور جہاں تک ممکن ہو کم از کم قانونی تقاضوں سے بڑھ کر کام کرنا۔




## واسا کے ملازمین کی بنیادی ذمہ داریاں

- ☆ اپنی اور ارد گرد موجود لوگوں کی صحت اور حفاظت کا خیال رکھنا۔
- ☆ گھر میں اور کام کرنے کی جگہ پر صحت اور حفاظت کے طے شدہ طریقوں پر عمل درآمد کرنا اور دوسرے لوگوں کو بھی اس پر آمادہ کرنا۔
- ☆ ایسے اقدامات کی نشاندہی اور ان پر عمل درآمد پر سرگرمی سے کام کرنا جو صحت اور حادثات سے بچاؤ کے نظام میں بہتری کا ضامن ہو۔
- ☆ اگر مناسب ہو تو مشاہدہ میں آنے والی حادثاتی صورت حال کے بارے میں متعلقہ اداروں کو مطلع کرنا اور اس سے نمٹنے کے لئے اقدامات کرنا۔



**شعبہ تعلقاتِ عامہ ، واسا، فیصل آباد**